سوال

(645)اسلام میں داڑھی کا کیا حکم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام میں داڑھی کا کیا حکم ہے ؟ (مغربی مسلمانوں کے روزمرہ مسائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

داڑھی رکھنا واجب ہے ۔ یہ ان سنتوں میں سے ہے جنھیں فطرت قرار دیا گیا ہے اور شعائرِ اسلام میں سے ہے ۔ بہت سی صحیح اور صریح حدیثوں میں اسے بڑھانے کا حکم آیا ہے ۔ صیغہ امر کے بارے میں اصول یہ ہے کہ اس سے وجوب ثابت ہوتا ہے ۔ سوائے اس کے کہ کوئی قرینہ دوسرے مفہوم کی طرف اشارہ کررہا ہو۔ اس لیے جمہور علماء نے داڑھی بڑھانا واجب قرار دیا ہے ۔ اور اسے منڈوانا گناہ اور نافرمانی قرار دیا ہے ۔ مسلمان کو یہ کام نہیں کرنا چاہیے سوائے اس کے کہ وہ انتہائی مجبور ہو جائے ۔ جس طرح ممنوع امور کا معاملہ ہے کہ ان کا جواز صرف شدید مجبوری کی حالت میں ہوتا ہے ، مسلمان مرد کو چاہیے کہ ایسی مجبوری کو جلد از جلد ختم کرنے کی کوشش کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3،کتاب اللباس : صفحہ : 476

محدث فتویٰ